# ادبیات

## گلِ رنگیں

جناب الم مظفرنگری

اے گلِ رنگیں ازل سے گلستاں پرور ہے تو — کائناتِ رنگ و بو کا دل کشا منظر ہے تو
ہے فضائے گلستاں معمور موجِ نور سے — تیرا جلوہ کم نہیں ہے شمعِ بزمِ طور سے
ری رنگینی کا منظر جلوۂ عامِ چمن — ہے تری خوشبو سے قائم مستیٔ شامِ چمن
را ہر اک برگِ رنگیں اس طرح ہے جلوہ زا — کوئی شہ پارہ ہو جیسے برقِ طورِ حسن کا
دگی بخشِ گلستاں ہے تری جلوہ گری — تو فضائے باغ کو دیتا ہے ہر دم تازگی
ہے شفق کی سرخیوں میں اخترِ روشن جبیں — دامنِ رنگیں میں تیرے گوہرِ شبنم نہیں
زِ حسن و عشق کا غماز ہے جلوہ ترا — منظرِ خونِ شہیدِ ناز ہے جلوہ ترا
ست رکھتا ہے تجھے صہبائے الفت کا خمار — جھومتا ہے یوں سرِ شاخِ چمن جو بار بار

لے رہا ہے لطفِ زخمِ غمزۂ قاتل سے تو
آگہی رکھتا ہے شاید درد کی منزل سے تو

ر تری نظروں میں کیوں ہے حاصلِ صد خامشی — بلبلِ شیدا کے نالے ہیں فقط اک دل لگی
یہ تو، سوزِ وفا سے کون ہے اندوہ گیں — حسنِ کامل کیلئے اتنا بھی کیا لازم نہیں
ہ ذرہ ملتفت ہے جانب فریادِ عشق — عبرت آموزِ چمن ہے نالۂ بربادِ عشق
نا پتی ہے زبانِ حال سے گرمِ سخن — باغ کی خاموشیاں ہیں حاصلِ صد انجمن
دں ہے آئینِ چمن سی تجھکو اتنی بے رخی — تو شریکِ بزم بھی ہے بزم سے بیگانہ بھی

ہے یہاں جو بھی وہ سرگرمِ سخن ہے برمحل

ایک تو ہے صرف پابندِ سکوتِ مستقل

اس سے ہیں واقف بھلا اے جانِ چمن جانِ بہار — پردہ دارِ رازِ ہستی ہے خموشی کا وقار
بزمِ عالم میں ہے جو ضبط و سکوں سے آشنا — کامیابِ زندگی ہے وہ یہاں صبح و مسا
ہیں تحمل کے نتیجے شرحِ تقدیرِ حیات — صبر و استقلال سے ہوتی ہے تعمیرِ حیات
یہ تو سب سچ ہے مگر اے نو بہارِ زندگی — وقت پر خاموش رہنا بھی تو ہے بے دانشی
قطرہ قطرہ بحرِ ہستی کا سکوں آمیز ہے — جب اٹھا طوفان تو پھر ہر موج طوفاں خیز ہے
چپ ہی رہتی ہے کلی اس کو صبا چھیڑے ہزار — وقت پر لیکن صدا اس کی ہے اعلانِ بہار
مطربِ شام و سحر کے راگ ہیں سب بے خلل — کیونکہ ہر آواز سازِ دہر کی ہے برمحل
تو بھی اک تقریر کر ایسی چمن میں صاف صاف — جس سے ہو رازِ حقیقت کا سراسر انکشاف

التجا دارم کہ اے بیگانۂ ذوقِ سخن
شو حریفِ نالہ ہائے زارِ بلبل در چمن

---

# نغمۂ جاوید

جناب فرید جاوید

جنوں نے چھیڑ دی شاید حدیثِ رندانہ — مچل رہی ہے رگ و پے میں روحِ میخانہ
برس رہی ہے فضاؤں سے مستقل مستی — نہ میکدہ ہے، نہ ساقی، نہ مے، نہ پیمانہ
نگاہ کھیل رہی ہے اک اور عالم سے — نگاہ میں ہے یہ عالم تمام افسانہ
نہ دیکھ یوں مری جانب اداس آنکھوں سے — گزارنی ہے تجھے زندگی جداگانہ!
ندیم تجھ کو مرا احترام لازم ہے — مرا شعارِ محبت ہے بے نیازانہ
ابھارتا ہوں وہ جذبے کہ دلبری آ جائے — سنوارتا ہوں خد و خالِ حسنِ جانانہ
نزولِ رحمتِ پروردگار ہے جاوید — غزل سرا ہے سرِ شام کون دیوانہ